05.11.2024

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں فیصل خان

**Music**

------------------------------

☆ وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ کینیڈا کو بغیر ثبوت کے الزامات لگانے کی عادت ہے۔ انہوں نے بھارتی سفارت کاروں کی Calls کو Surveillance پر رکھنے کو ناقابل قبول بتایا۔

☆ صدرِ جمہوریہ نے ایشیا کو طاقتور بنانے اور حقیقی امن قائم کرنے میں بدھ ازم کے رول پر تبادلۂ خیال کرنے پر زور دیا ہے۔

☆ جھارکھنڈ اسمبلی انتخابات کیلئے سیاسی پارٹیوں کے امیدواروں نے انتخابی مہم تیز کردی ہے۔

☆ سپریم کورٹ نے اترپردیش سرکار کے مدرسہ تعلیمی ایکٹ 2004 کی آئینی حیثیت کو برقرار رکھا ہے۔

☆ امریکہ میں نئے صدر کو منتخب کرنے کیلئے آج ووٹ ڈالے جائیں گے۔

☆ نہائے کھائے کی رسم کے ساتھ چھٹھ کا تہوار شروع ہوگیا ہے۔

☆ اور ٹینس میں بھارت کے **Rithvik Choudhary Bollipalli** اور ان کے پرتگال کے ساتھی کھلاڑی **Francisco Cabral** فرانس میں (موزیل) اوپن کے مردوں کے ڈبلز کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**Jaishankar-Australia**

وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ کینیڈا کو بغیر ثبوت کے الزامات لگانے کی عادت ہے۔ انہوں نے بھارتی سفارت کاروں کی Calls کو Surveillance پر رکھنے کو ناقابل قبول بتایا۔ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کناڈا میں ہندو مندر پر ہوئے حملے کو انتہائی تشویشناک قرار دیا ہے۔ آج صبح کینبرا میں آسٹریلیا کی اپنے ہم منصب **Penny Wong** کے ساتھ ایک مشترکہ پریس کانفرنس میں ڈاکٹر جے شنکر نے اِس بات پر تشویش کا اظہار کیا کہ کناڈا میں انتہا پسند طاقتوں کو سیاسی مقام دیا جارہا ہے۔ کینبرا میں ہندو مندروں پر حملوں کے بارے میں پوچھے جانے پر آسٹریلیا کی وزیر خارجہ نے اِن حملوں کو بھارتی برادری کے لیے پریشان کن قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ آسٹریلیا کے تمام باشندے، چاہے وہ کسی بھی عقیدے اور ثقافت سے

تعلق رکھتے ہوں، محفوظ رہنے اور عزت واحترام کے مکمل حقدار ہیں۔ یہ پریس کانفرنس آج کینبرا میں 15ویں بھارت-آسٹریلیا فریم ورک مذاکرات میں ڈاکٹر جے شنکر اور محترمہ Wong کی شرکت کے بعد منعقد کی گئی تھی۔ دونوں وزیروں نے بھارت اور آسٹریلیا کے پڑوس، بھارت بحرالکاہل، مغربی ایشیا یوکرین اور عالمی اسٹریٹجک منظر نامے اور حالات کے بارے میں تبادلہ خیال کیا۔

**Prez Buddhist Summit**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج کہا کہ بھارت Dhamma کی مبارک زمین ہے اور یہاں ہر دور میں عظیم صوفی سنت رہے ہیں۔ نئی دلّی میں آج صبح پہلی ایشیائی بدھسٹ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے، صدرِ جمہوریہ نے کہا کہ بدھا اِن صوفی سنتوں میں ایک منفرد مقام رکھتے ہیں۔ صدرِ جمہوریہ نے کہا کہ آج جبکہ پوری دنیا کئی محاذ پر بحران کا شکار ہے، بودھ برادری انسانیت کو بہت کچھ دے سکتی ہے۔ انہوں نے ایشیا کو طاقتور بنانے اور ایشیا اور پوری دنیا میں حقیقی امن قائم کرنے میں بدھ ازم کے کردار پر تبادلۂ خیال کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ بدھ ازم کا اہم پیغام امن اور عدم تشدد پر مبنی ہے اور انہوں نے اِس بات پر زور دیا کہ دنیا کو آج ہمدردی کی ضرورت ہے۔ بین الاقوامی بدھسٹ کنفیڈریشن کے ساتھ ثقافت کی وزارت نے اس قدیم روایت بدھ ازم کے اعزاز میں یہ دو روزہ کانفرنس منعقد کی ہے، جو صرف اپنی حدوں تک ہی نہیں پھلا پھولا بلکہ دوسرے ملکوں میں بھی پھیلا تھا۔ اس کانفرنس کی Theme ہے، ''ایشیا کو طاقتور بنانے میں بدھا Dhamma کا کردار''۔

**SC PVT-Property**

سپریم کورٹ نے آج ایک بڑے فیصلے میں کہا کہ سبھی جائیدادیں ''کمیونٹی کے مادی وسائل'' کا حصہ نہیں ہیں، جن کی سرکار آئین کی دفعہ 39 بی کے تحت پھر سے تقسیم کرے۔ تاہم عدالتِ عظمیٰ نے اس بات پر نوٹ لیا کہ کچھ نجی جائیدادیں اِس زمرے میں ہوسکتی ہیں اگر وہ خاص ہیں اور کمیونٹی کی خدمت کررہی ہیں۔ چیف جسٹس ڈی وائی چندرچوڑ کی قیادت میں 9 ججوں والی اِس بینچ میں جسٹس رِشی کیش رائے، بی وی ناگ رتنا ، سُدھانشو دُھولیا اور دیگر شامل تھے۔ ایک کے مقابلے 8 ججوں کے اکثریتی فیصلے کو CJI نے تحریر کیا، جسٹس ناگ رتنا نے جزوی طور پر اِس کو منظوری دی اور جسٹس دُھولیا نے اِس کی مخالفت کی۔ فیصلے نے اس بات پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اس معاملے پر پیشگی بیانات پابند نہیں تھے، پہلے کی تشریحات کو بھی مسترد کر دیا، جس میں وسیع پیمانے پر نجی وسائل کو کمیونٹی اثاثوں کے طور پر شامل کیا گیا تھا۔

**Jharkhand-Seizure**

جھارکھنڈ اسمبلی انتخابات کے لیے سبھی سیاسی پارٹیوں کے امیدواروں نے انتخابی مہم تیز کردی ہے۔ اِس دوران جھارکھنڈ اسمبلی انتخابات کے اعلان کے بعد سے ریاست کے مختلف علاقوں سے ایک ارب 47 کروڑ روپے سے زیادہ کی رقم ضبط کی گئی ہے۔ چیف الیکٹرولر آفیسر کے روی کمار نے کہا کہ مثالی ضابطہ عمل کی خلاف ورزی کے لیے 31 ایف آئی آر درج کی گئی ہیں۔ خوش اسلوبی کے ساتھ آزادانہ اور منصفانہ انتخابات کو یقینی بنانے کیلئے اترپردیش، بہار، مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ اور اڈیشہ سے ملحقہ علاقوں میں مشترکہ کارروائی جاری ہے۔

## Maharashtra Elections

مہاراشٹر میں دو ہزار 938 امیدواروں کی جانب سے نامزدگی پرچے واپس لیے جانے کے بعد اب آسمبلی چناؤ کیلئے چار ہزار 140 امیدوار چناؤ میدان میں ہیں۔ مہاراشٹر قانون ساز آسمبلی کی 288 نشستوں کیلئے سات ہزار اور 78 امیدواروں کی نامزدگیاں درست پائی گئی ہیں۔ ریاست میں 20 نومبر کو ووٹ ڈالے جائیں گے اور ووٹوں کی گنتی 23 نومبر کو کی جائے گی۔

## UP-Madarsa Education Act

سپریم کورٹ نے آج اترپردیش مدرسہ بورڈ تعلیمی ایکٹ 2004 کی آئینی حیثیت کو برقرار رکھا ہے۔ بھارت کے چیف جسٹس ڈی وائی چندر چوڑ اور جسٹس جے بی پاردی والا اور منوج مشرا پر مشتمل بنچ نے 22 مارچ کو الٰہ آباد ہائی کورٹ کے ذریعہ دیے گئے فیصلے کے خلاف یہ فیصلہ دیا ہے۔ الٰہ آباد ہائی کورٹ نے اِس ایکٹ کو غیر آئینی اور سیکولرازم کے اصولوں کی خلاف ورزی کرنے والا قرار دیا تھا۔ سپریم کورٹ نے کہا ہے کہ اگر ریاست میں قانون سازی کی اہلیت کا فقدان ہے تو اِس قانون کو ختم کیا جاسکتا ہے۔ سپریم کورٹ کے اِس فیصلے کا مطلب ہے کہ اترپردیش میں تعلیمی معیارات کو سرکاری طور پر منضبط کرنے کے ساتھ مدرسے بدستور کام کرتے رہیں گے۔ اِس سے پہلے اپریل میں جسٹس جے بی پاردی والا اور منوج مشرا پر مشتمل بنچ کا مشاہدہ تھا کہ الٰہ آباد ہائی کورٹ نے مدرسہ ایکٹ کی دفعات اور نظریے کو غلط سمجھا ہے۔ اس کے ذریعہ اخذ کردہ نظریہ بنیادی طور پر درست نہیں تھا۔

## US Prez Polls

امریکہ میں نئے صدر کے انتخاب کیلئے آج ووٹ ڈالے جائیں گے۔ اِس چناؤ میں اعلیٰ عہدے کیلئے ری پبلکن امیدوار ڈونالڈ ٹرمپ اور ڈیموکریٹک لیڈر اور نائب صدر کملا ہیرس کے درمیان سخت مقابلہ ہے۔امریکہ میں ہورہے صدارتی انتخابات کیلئے ووٹنگ بھارتی وقت کے مطابق شام ساڑھے پانچ بجے سے ساڑھے سات بجے کے درمیان شروع ہوگی، جو کل بھارتی وقت کے مطابق ساڑھے پانچ بجے سے ساڑھے نو بجے کے درمیان ختم ہوجائے گی۔ کئی ووٹرس ڈاک ووٹ کے ذریعے اپنے حق رائے دہی کا استعمال پہلے ہی کرچکے ہیں۔ امریکہ میں صدر کا چناؤ انتخابی نظام سے کیا جاتا ہے، جسے الیکٹورل کالج کہا جاتا ہے۔ صدر چنے جانے کیلئے 538 الیکٹورل کالج ووٹوں میں سے 270 یا اس سے زیادہ ووٹ ضروری ہیں۔ ووٹوں کی گنتی 6 جنوری کو سنسد کے متحدہ اجلاس میں ہوگی۔ جس امیدوار کی ووٹوں کی تعداد 270 تک پہنچ جائے گی، اسے منتخب ہونے کا اعلان کردیا جائے گا۔ صدر کی 4 برس کی مدت 20 جنوری سے شروع ہوگی۔

## Chhath Puja

بہار میں چار روزہ چھٹھ پوجا ''نہائے کھائے'' رسم کے ساتھ آج شروع ہوگئی۔ سوریہ دیوتا کی پوجا کا یہ فیسٹیول 8 نومبر کو ختم ہوگا۔چھٹھ تہوار کے پہلے دن آج عقیدتمند مختلف دریاؤں اور تالابوں میں مقدس اشنان اور سوریہ دیوتا کی پوجا کر رہے ہیں۔ اس کے بعد یہ لوگ پرساد کی شکل میں Arwa چاول، چنے کی دال اور ہرے گھیے کی سبزی کھائیں گے۔کل Kharna کی رسم انجام دی جائے گی۔ اس کے بعد چھتیس گھنٹے کا ایک مشکل ورت شروع ہوگا، جس میں عقیدتمند پانی بھی نہیں پئیں گے۔ بڑی تعداد میں عقیدت مند گنگا، کوسی، گنڈک، باگمتی اور دیگر دریاؤں کے کناروں پر جمع ہو رہے ہیں۔بڑی تعداد میں عقیدتمند مشہور مندروں میں پہنچ رہے ہیں جن میں اورنگ آباد میں DEO، پٹنہ میں Olark Sun Temple ، نالندہ ضلع میں

Ongaridham Sun Temple، جیسے مشہور مندر شامل ہیں۔ یہ تمام سوریہ مندر بہار کے علاوہ دیگر ریاستوں سے بھی بڑی تعداد میں عقیدتمندوں کو اپنی طرف راغب کررہے ہیں۔سورج غروب ہونے پر پہلی آراگیہ یا چڑھاوا سات نومبر کو پیش کیا جائے گا۔8 نومبر کو عقیدتمند پانی میں کھڑے ہوکر طلوع آفتاب کے وقت دوسری اور آخری آراگیہ پیش کریں گے اور اس کے ساتھ ہی چھٹھ پوجا کی یہ تقریب ختم ہوگی۔عقیدتمند گنگا،گنڈک، کوسی، سون، کملا بلان اور بہار کے دیگر دریاؤں کے کناروں پر چھٹھ پوجا کریں گے۔وزیراعلیٰ نتیش کمار نے چھٹھ پوجا کے موقع پر عقیدتمندوں کو مبارکباد پیش کی ہے۔

**New Railway Special Train**

بھارتی ریلویز تہواروں کے سیزن کے دوران مسافروں کی بھیڑ کے پیش نظر پچھلے مہینے کی پہلی تاریخ سے اِس مہینے کی 30 تاریخ تک تقریباً 7 ہزار خصوصی ٹرینیں چلا رہا ہے۔ ریلویز کے مطابق اِس مہینے کی 2 تاریخ سے 8 تاریخ کے دوران 145 اضافی خصوصی ٹرینیں چلا رہا ہے، تا کہ چھٹھ پوجا کے دوران مسافروں کو سفر کرنے میں آسانی ہو۔ اِن میں سے تقریباً 22 خصوصی ٹرینیں دلی-این سی آر سے چلائی جارہی ہیں۔ ریلویز کا محکمہ یومیہ 2 لاکھ اضافی مسافروں کو سفر کی سہولت فراہم کررہا ہے۔ اِس طرح تہواروں کے سیزن کے دوران لاکھوں عقیدت مندوں کے لیے بلا رکاوٹ سفر کو یقینی بنایا جارہا ہے۔

**Nepal Chhath**

نیپال میں ترائی اور کاٹھمنڈو وادی میں تالابوں اور ندیوں کے کنارے، چھٹھ تہوار کے پیشِ نظر خصوصی طور پر سجائے جارہے ہیں۔ کاٹھمنڈو وادی میں باگمتی ندی کے Kamalpokhari اور Gaurighat کو چھٹھ پوجا کیلئے ترجیح دی جاتی ہے۔ اِس سال چھٹھ تہوار کا اہم دن 7 نومبر ہے۔حکومت نے اِس موقع پر چھٹی کا اعلان بھی کیا ہے۔

**FTII Oscars**

فلم اور ٹیلی ویژن انسٹی ٹیوٹ آف انڈیا FTIIs کے طالب علم کی فلم ”Sunflowers Were The First Ones To Know“نے لائیو ایکشن مختصر فلم کے زمرے میں آسکر 2025 کیلئے کوالیفائی کرلیا ہے۔ اِس کنّڑ زبان کی مختصر فلم کی ہدایت FTII کے طالب علم Chidananda S Naik نے کی ہے، جنھوں نے بھارتی لوک داستانوں اور روایات سے ترغیب لی تھی۔

**Tennis Moselle Open**

ٹینس میں بھارت کے Rithvik Choudary Bollipalli اور فرانس کے ان کے ساتھی کھلاڑی Francisco Cabral فرانس میں Moselle اوپن کے مردوں کے ڈبلز کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ Bollipalli اور Cabral کل رات اس وقت کوارٹر فائنل میں پہنچے جب انہیں فرانسیسی کھلاڑی آرتھر Cazaux اور Harold Mayot کے خلاف واک اوور مل گیا۔اب کوارٹر فائنل میں بھارت و پرتگال کی جوڑی کا سامنا جمعرات کو میکسیکو کے Santiago Gonzalez اور فرانس کے Edourad Roger کی جوڑی سے ہوگا۔